www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | Member APNS/CPNE | نوک قلم کی حرمت کا پاسبان
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر انچیف ایم گلزار مصطفائی
منیجنگ ایڈیٹر عمران انجم
ایڈیٹر کاشف شہزاد
جلد نمبر 16 | ہفتہ 20 ذوالحجہ 1447ھ 6 جون 2026ء | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 178

وزیراعلیٰ مریم نواز کی عوام سے درخت لگانے اور قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے کی اپیل

وزیراعلیٰ کی لاہور سمیت دیگر علاقوں میں نمایاں ماحولیاتی بہتری پر سینئر منسٹر مریم اورنگزیب اور پوری ٹیم کو شاباش، زمین خوبصورت کرہ ہے اس کی حفاظت اور بقاء کے لئے تمام ترممکنہ اقدامات کرنا ہم سب کا فرض ہے: مریم نواز

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ماحولیات کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں پنجاب میں پلاسٹک کے خاتمے کے غیر معمولی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام سے زیادہ سے زیادہ درخت
بقیہ نمبر 31

لاہور، صوبائی وزیر قانون رانا اقبال، وزیر اوقاف چودھری شافع کے ہمراہ سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژنز کی وکلاء کمیونٹی میں ویلفیئر گرانٹس تقسیم کر رہے ہیں

بشکیک: محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ کے درمیان ملاقات

بشکیک (نیٹ نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی
بقیہ نمبر 32

موسمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج ہے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) پاکستان پیپلز
بقیہ نمبر 33

فضائی آلودگی بھی خطرناک سطح تک بڑھ چکی، شیری رحمٰن

فضائی آلودگی انسانی صحت اور ماحول دونوں کیلئے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے

2022 اور 2025ء کے سیلابوں نے ہماری کمزوریوں کو واضح کر دیا، بیان

اسلام آباد (این ایل آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ فضائی آلودگی بھی خطرناک سطح تک بڑھ چکی ہے جو انسانی صحت اور ماحول دونوں کے لیے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے، تمام چیلنجز کے باوجود صاف توانائی کے فروغ،
بقیہ نمبر 30

چھوٹے دکانداروں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف

گزشتہ سال سیلاب اور مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے باوجود ملکی معیشت مستحکم رہی اور حکومت نے مختلف چیلنجز کا مقابلہ اپنے وسائل سے کیا

ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کرنے کیلئے شرح بڑھانے کی بجائے اسے کم کرنے پر توجہ دے رہے ہیں، وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب اور وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی نیوز کانفرنس

اسلام آباد (وقائع نگار) حکومت نے چھوٹے دکانداروں کے کیلئے فکس ٹیکس سکیم متعارف کرا دی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ٹیکس نظام میں وسعت لانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور ٹیکس کی شرح بڑھانے کے بجائے اسے کم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے تا کہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کیا جا سکے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ سال سیلاب اور مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے باوجود ملکی معیشت مستحکم رہی اور حکومت نے مختلف چیلنجز کا مقابلہ اپنے وسائل سے
بقیہ نمبر 2

ٹرمپ گریٹر اسرائیل کا خواہاں ہے، مہران موحد فر

ایران نے 14 صفحات پر مبنی ڈرافٹ امریکہ بھیجا، پاکستان کے ذریعے معلومات کا تبادلہ ہو رہا ہے، براہ راست مذاکرات نہیں ہو رہے، آئندہ بھی حملہ کیا تو جنگ جاری رکھ سکتے ہیں

برادر عرب ملکوں کے غصہ کے ذمہ دار نہیں وہ ٹرمپ سے بات کریں، جن امریکی اڈوں سے ایران پر حملہ کیا گیا ان کو تباہ کیا، ایرانی قونصل جنرل

لاہور (کائی نیوز + این ایل آئی) ایران کے لاہور میں تعینات قونصل جنرل مہران موحد فر نے کہا ہے کہ امریکہ نے ایران میں 149 تاریخی مقامات، 30 یونیورسٹیوں، 763 سکولوں اور 55 لائبریریوں کو نشانہ بنایا، امریکہ نے حملہ کر کے 1023 گھروں، 130 ہیلتھ سنٹرز اور 30 ہسپتالوں کو تباہ کر دیا، امریکہ کی تاریخ ہے کہ ڈھائی سو سالوں میں جہاں گئے وہاں تباہی مچائی، ایٹمی ہتھیاروں کا بہانہ بنا کر امریکہ نے مختلف ملکوں پر حملہ کیے، آیت اللہ خامنہ ای پہلے ہی کہتے رہے جوہری ہتھیار نہیں بنانا چاہتے بلکہ اس کے استعمال کو بھی
بقیہ نمبر 29

پنجگور میں سکیورٹی فورسز کا آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گرد ہلاک

پنجگور میں بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن، کئی ٹھکانوں پر سکیورٹی فورسز کے چھاپے

اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز اور گاڑی برآمد، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں خفیہ اطلاع پر آپریشن کیا
بقیہ نمبر 3

آزاد کشمیر میں عام انتخابات 27 جولائی کو ہونگے، الیکشن کمیشن کا اعلان

قانون ساز اسمبلی کے تمام حلقوں میں پولنگ 27 جولائی 2026 کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک ہوگی

کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 20 جون، درست امیدواروں کی ابتدائی فہرست بھی اسی روز جاری کی جائیگی

مظفر آباد (کائی نیوز) الیکشن کمیشن آزاد کشمیر نے آزاد کشمیر میں عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر دیا جس کے مطابق آزاد کشمیر میں عام انتخابات 27 جولائی کو ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے آزاد کشمیر میں عام انتخابات 27 جولائی کو کروانے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے تمام حلقوں میں پولنگ 27 جولائی 2026 کو صبح
بقیہ نمبر 28

ایران کے لاہور میں تعینات قونصل جنرل مہران موحد فر پریس کلب کے دورہ کے موقع پر صحافیوں کیساتھ بات چیت کر رہے ہیں، صدر ارشد انصاری بھی ہمراہ ہیں

وزیر صحت سلمان رفیق کا چلڈرن ہسپتال راولپنڈی کا دورہ

متعلقہ حکام کو ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (کائی نیوز) وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے چلڈرن ہسپتال راولپنڈی کا دورہ کیا۔ رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب، سیکرٹری محکمہ
بقیہ نمبر 4

حیدرآباد، دریائے سندھ میں کوٹری کے مقام پر پانی کی کمی کے باعث کشتیاں کنارے کھڑی ہیں

محرم میں صرف منظور شدہ و لائسنس یافتہ جلوس و مجالس کی اجازت

نیاز، لنگر اور سبیلوں کی سپیشل برانچ، فوڈ اتھارٹی و متعلقہ محکموں سے جانچ کروائی جائیگی

مقررین کو کسی فرقے یا مسلک کیخلاف قابل اعتراض بات کرنیکی اجازت نہیں ہوگی

لاہور (کائی نیوز) محکمہ داخلہ پنجاب نے محرم الحرام سکیورٹی انتظامات کیلئے اہم ہدایات جاری کر دی ہیں۔ جاری کردہ ہدایات کے مطابق پنجاب بھر
بقیہ نمبر 27

موٹرویز پر سرمایہ کاری، سعودی پاک بزنس کونسل کے چیئرمین کی وفاقی وزیر مواصلات سے ملاقات

اسلام آباد (وقائع نگار) سعودی پاک بزنس کونسل کے چیئرمین پرنس منصور بن محمد السعود نے اعلیٰ
بقیہ نمبر 5

لاہور، کمسن بچے بادامی باغ کے علاقے میں زمین پر بیٹھ کر پھل فروخت کر رہے ہیں

پی آئی اے کی نجکاری کیخلاف دائر درخواست پر نوٹسز جاری

لاہور (اپنے رپورٹر سے) لاہور ہائیکورٹ نے پی آئی اے کی نجکاری کے خلاف دائر آئینی
بقیہ نمبر 6

بینظیر بھٹو شہید ہسپتال زیر علاج ملزم پولیس کو چکمہ دیکر فرار

فرائض میں غفلت و لاپرواہی برتنے پر پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) بینظیر بھٹو شہید ہسپتال میں زیر علاج ملزم پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم منشیات اسمگلنگ کے
بقیہ نمبر 26

نکاح نامے پر دستخط کے بعد بیوی کو اس کے طے شدہ حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا، ہائیکورٹ

حق مہر میں دی گئی زمین کے تنازع پر خاتون کی درخواست منظور، ٹرائل کورٹ کا زمین کی جگہ 16 لاکھ رقم دینے کا فیصلہ کالعدم قرار

نکاح نامے کی کسی شق کی تشریح کرتے وقت فریقین کی حقیقی نیت جاننا ضروری ہے، جسٹس سلطان تنویر نے حکم نامہ جاری کر دیا

لاہور (کائی نیوز) لاہور ہائی کورٹ نے حق مہر میں دی گئی زمین کے تنازع پر خاتون کی درخواست منظور کرلی، ٹرائل کورٹ کا زمین کی جگہ 16 لاکھ رقم دینے کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر کیس دوبارہ سماعت کے لیے واپس بھجوا دیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ ملتان بینچ کے جسٹس سلطان تنویر نے حق مہر میں دی گئی زمین کے تنازع پر خاتون کی درخواست پر حکم نامہ جاری کیا ہے۔ جس کے مطابق نکاح نامے پر دستخط
بقیہ نمبر 34

وزیراعلیٰ سندھ کی گندم ذخیرہ اندوزی پر قابو پانے کی ہدایت

10 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریداری ہدف، محکمہ خوراک ایک لاکھ ٹن بھی نہیں خرید سکا

کم خریداری کی وجہ حکومتی قیمت اور مارکیٹ میں فرق ہے، حکام کی بریفنگ

کراچی (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ سندھ نے گندم کی ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی کو قابو پانے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت گندم کی خریداری اور ذخائر سے متعلق اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزراء مکیش کمار چاولہ،
بقیہ نمبر 25

پاکستان کو 123 ارب ڈالر کے قرضوں کی واپسی کیلئے پھر آئی ایم ایف کے پاس جانے کا امکان

قرض پروگرام اگلے سال ستمبر یا اکتوبر میں ختم، پاکستان کو اگلے 5 سال میں 123 ارب ڈالر کی بیرونی مالی ضروریات کا سامنا

پاکستان کو قرضوں کی ادائیگیوں کیلئے پھر آئی ایم ایف کا سہارا لینا پڑ سکتا ہے، ماہرین

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان کے آئندہ 5 سال تک آئی ایم ایف کے چنگل سے نکلنے کے امکانات محدود ہیں۔ پاکستان کو 5 سال میں 123 ارب ڈالر کی بیرونی مالی ضروریات ہوں گی۔ قرضوں کی واپسی کے لیے پاکستان کو پھر آئی ایم ایف کے پاس جانا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو اگلے 5 سال میں 123 ارب ڈالر کی بیرونی مالی ضروریات کا سامنا ہے، پاکستان کو قرضوں کی
بقیہ نمبر 7

سیالکوٹ: ایس ڈی ای او پیرا فورس رباب سعید کو تعیناتی پر سماجی رہنما اشفاق نذر پھول پیش کر رہے ہیں، چودھری موسیٰ اشفاق بھی ہمراہ ہیں

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی پنجاب ریونیو اتھارٹی ہیڈ کوارٹر آمد

لاہور (کائی نیوز) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن
بقیہ نمبر 24

سندھ پولیس نے انمول پنکی کی لاہور سے گرفتاری کا اعتراف کرلیا

کراچی (این ایل آئی) سندھ پولیس نے
بقیہ نمبر 23

لاہور، بزرگ شہری روزی کمانے کیلئے شدید گرمی میں فٹ پاتھ پر اپنی عارضی دکان سجائے گاہکوں کا انتظار کر رہا ہے

پی پی ایس سی کا مختلف محکموں کی آسامیوں کے تحریری و حتمی نتائج کا اعلان

لاہور (اپنے رپورٹر سے) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کی آسامیوں کے تحریری و
بقیہ نمبر 8

سوشل میڈیا پر باوردی تصاویر شیئر کرنے پر پابندی، نئی پالیسی نافذ

ایس ایچ اوز سمیت پولیس افسران کو سوشل میڈیا سے باوردی تصاویر ہٹانے کی ہدایت

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور پولیس نے وردی کے اختیارات کے ممکنہ ناجائز استعمال کی روک تھام اور محکمانہ نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے افسران کے لیے نئی سوشل میڈیا پالیسی نافذ کر دی۔ نئے حکم نامے کے مطابق ایس ایچ اوز، انسپکٹرز، سب انسپکٹرز اور
بقیہ نمبر 9

سیف سٹیز کا کریک ڈاؤن، 170 سے زائد مشکوک گاڑیوں کا سراغ لگالیا

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے جعلی، کلون اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے
بقیہ نمبر 11

محرم الحرام کے پرامن انعقاد کیلئے وسائل کی بہتری کا عمل تیز

ڈی پی او جھنگ ساجد حسین کی جانب سے سرکاری گاڑیوں کا تفصیلی معائنہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے جھنگ پولیس نے اپنے انتظامی و آپریشنل وسائل کی بہتری کا عمل تیز کر دیا ہے۔ اسی سلسلے میں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے مختلف
بقیہ نمبر 10

ہر شہری شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لے، رباب سعید

پاکستان کو ماحولیاتی و موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا ہے، ایس ڈی ای او سیالکوٹ

اشفاق نذر کا ایس ڈی ای او پیرا فورس رباب سعید کو سیالکوٹ تعیناتی پر خوش آمدید

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) SDEO پیرا فورس رباب سعید نے کہا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی و ماحولیاتی تبدیلیوں کا سامنا ہے یہی وجہ ہے کہ موسم بالکل تبدیل ہوچکا ہے پورے ملک میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے بارشوں کا نہ ہونا بھی
بقیہ نمبر 35

وزیر قانون کی جانب سے مختلف بار ایسوسی ایشنز میں گرانٹس ان ایڈز کی تقسیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر قانون
بقیہ نمبر 36

جامعہ کراچی میں ہزاروں طلبا کا تعلیمی سال متاثر ہونے کا خدشہ

کراچی (کائی نیوز) جامعہ کراچی میں اساتذہ کے احتجاج اور تدریس کے بائیکاٹ کو 35 دن سے
بقیہ نمبر 21

پاکستان میں عالمی و مقامی سطح پر سونے کی قیمتوں میں کمی واقع

لاہور (کائی نیوز) عالمی و مقامی سطح پر سونے اور
بقیہ نمبر 20

ڈپٹی کمشنر قصور آصف رضا کی زیر صدارت اجلاس، محکمانہ کارکردگی کا جائزہ

''عوام کو ریلیف کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل''

تمام افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے سرانجام دیں، ڈپٹی کمشنر

قصور (عباس علی بھٹی بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوامی خدمات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور گورننس کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر قصور آصف رضا کی زیر صدارت ضلعی
بقیہ نمبر 22

ڈپٹی کمشنر قصور آصف رضا محکمانہ کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئلہ قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، بھٹہ انڈسٹری شدید متاثر

اینٹوں کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر گر گئیں، بھٹے کا کاروبار دیوالیہ ہونے کے قریب

فیصل آباد (بیورو چیف) ضلعی صدر انجمن مالکان بھٹہ خشت ایسوسی ایشن چوہدری عبدالرزاق باجوہ نے کہا ہے کہ کوئلہ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے بھٹہ انڈسٹری تباہ کر دی ہے اینٹوں کی تیاری کی لاگت اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اینٹوں کی
بقیہ نمبر 19

پنجاب میں جنگلی حیات کی تاریخ کا پہلا جامع وائلڈ لائف سینسز کیا جا رہا ہے، مریم اورنگزیب

پنجاب اکنامک رجسٹری جون کے دوران مکمل ہو جائے گی جس سے پالیسی سازی اور نتائج مزید مؤثر ہوں گے

سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے پنجاب وائلڈ لائف ڈیجیٹل ڈیٹا بیس اور ای۔بز پنجاب پورٹل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ''گرین پنجاب ویژن'' کے تحت
بقیہ نمبر 18

قصور پریس کلب میں سینئر صحافیوں کی شمولیت، ممبرشپ عطا

امید ہے نئے صحافی مستقبل میں پریس کلب کے حقیقی نمائندے ثابت ہونگے

پریس کلب تمام صحافیوں کا مشترکہ پلیٹ فارم ہے، حاجی شریف مہر کی بات چیت

قصور (بیورو چیف عباس علی بھٹی سے) قصور پریس کلب میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ایسے سینئر صحافیوں کو اعزازی ممبرشپ دی گئی جو کسی بھی صحافتی گروپ سے وابستہ نہیں ہیں۔ قصور پریس کلب کے سینئر صحافی چیف ایگزیکٹو ڈائریکٹر
بقیہ نمبر 37

لاہور میں کھلے مین ہول میں بچی گر کر زخمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور
بقیہ نمبر 17

لاہور: مقامی ریسٹورنٹ میں منعقدہ ایک تقریب کے اختتام پر صبا ناز، نبیلہ، میڈم شمائلہ ظفر، فرح راجپوت اور ساجدہ کا گروپ فوٹو

سمبڑیال: ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والا فیٹ میلٹنگ یونٹ مسمار

کارروائی میں ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات جوہر عباس اور ان کی ٹیم نے بھی حصہ لیا

ماحولیاتی قوانین، سموگ رولز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، اسسٹنٹ کمشنر عدنان بشیر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی ہدایت پر ماحولیاتی آلودگی اور اسموگ کے تدارک کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں
بقیہ نمبر 16

گلگت میں پیپلز پارٹی کامیاب ہوگی، ارسلان اسلام

سندھ حکومت نے کسانوں اور ہاریوں کو 55 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی

سندھ دشمن بیانات پر کیپٹن صفدر معافی مانگیں، کراچی پریس کلب میں بات چیت

کراچی (این این آئی) میئر سکھر اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی جبکہ انتخابی مہم کے دوران سندھ اور پیپلز پارٹی کے خلاف غیر اخلاقی
بقیہ نمبر 15

فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کمرشل گاڑیوں کے لاہور میں داخلے پر پابندی عائد

صوبائی دارالحکومت کے داخلی و خارجی راستوں پر جنرل ہولڈ اپ، خصوصی چیکنگ مہم کا آغاز کر دیا گیا، سی ٹی او عبدالرحیم

تمام کمرشل ڈرائیور چیکنگ کے دوران دشواریوں سے بچنے کیلئے لائسنس و دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ رکھیں، ہدایات

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے لاہور میں بغیر لائسنس، فٹنس سرٹیفکیٹ اور مناسب لائٹس کے کمرشل گاڑیوں کے داخلے پر پابندی عائد
بقیہ نمبر 12

جھنگ میں محرم الحرام کی مناسبت سے حفاظتی انتظامات جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر متحرک، مختلف یونٹس کی سرکاری گاڑیوں کا جائزہ لیا

عوام کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل کو فعال بنایا جا رہا ہے، ڈی پی او

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے جھنگ پولیس نے اپنے انتظامی و
بقیہ نمبر 13

گھمی چک نمبر 139/RB، میں فری میڈیکل کیمپ 6 جون کو منعقد ہوگا، ڈاکٹر شہزاد چٹھہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) چٹھہ گلوبل کمیونٹی کے شعبہ امداد حصولِ تعلیم کے سربراہ اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ہیڈ آف کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر شہزاد چٹھہ نے

بقیہ نمبر 14

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ ساجد حسین شہر محکمہ کے مختلف یونٹس کی گاڑیوں کا جائزہ لے رہے ہیں

قصور پریس کلب میں سینئر صحافیوں کی شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو

بعدالت جناب شوکت علی صاحب

سول جج درجہ اول رگارڈین جج چشتیاں

درخواست حصول گارڈین سرٹیفکیٹ:- آئیندہ پیشی16-06-2026:- بعنوان - حاجراں اشفاق بیوہ حیدرعلی ذات رحمانی سکنہ مکان نمبر21،22نورمحلہ گلی نمبر2بلاک G چشتیاں تحصیل چشتیاں ضلع بھاولنگر بنام عوام الناس وغیرہ :-اشتہار بنام عوام الناس..ہرگاہ کہ درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ھے۔ بزریعہ اشتہار ہذا عوام الناس میں سیہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ھے۔کہ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی اعتراض ھوتو وہ آئندہ بتقرر16-06-2026 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتا یا وکالتا پیش ھوں۔بصورت دیگرعوام الناس کے خلاف کارروائی یکطرفہ طور پرعمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ھوگا۔

بعدالت جناب الطاف احمد شہزاد

صاحب سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ تنسیخ نکاح۔مصباح سلطانہ وغیرہ بنام ذیشان علی رضا۔اشتہار بنام۔ذیشان علی رضا ولد محمد لطیف کلیم قوم بٹ ساکن بھوانج ڈاکخانہ خاص تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔...

بعدالت جناب زرتاشیہ نواز صاحبہ

سینئر سول جج گارڈین کورٹ منڈی بہاء الدین

عنوان: شمریزہ عباس بنام عوام الناس، درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، اشتہار اخبار منجانب شمریزہ عباس دختر غلام عباس سکنہ روہی والا چھموں تحصیل و ضلع منڈی بہاء الدین، اشتہار اخبار بنام عوام الناس درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 22 جون 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے محمد عمران ولد محمد اقبال سکنہ کوٹ لانوالہ پل تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کو بوجہ نافرمانی، بدکرداراور بری عادات ہونے کی وجہ سے متعدد بار سمجھایا مگر باز نہ آیا ہے جس وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کردیا ہے اب میرا یا میرے اہل خانہ کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ رہا ہے ہم اس کے کسی لین دین ...

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

منڈی بہاؤالدین

امانت علی وغیرہ بنام محمد ریاض وغیرہ وغیرہ، درخواست تقسیم ل، اشتہار اخبار بنام محمد ریاض ولد محمد حسین ذات آرائیں ، سعی محمد ولد قائم دین، بشیراں دختر دائم، بھاگے دختر حاجی، محمد اصغر ولد باقر علی، بہشتاں ، پھیلاں دختران ،عمر حیات، محمد حیات پسران روشن، محمد سرور پسر، سرداراں بیوہ دائم، عمر حیات ولد رحماں، محمد افضل، محمد اکبر پسران محمد حیات، ثمرین بیوہ، لاریب دختر صفدر حیات، رضیہ بی بی بیوہ، محمد الیاس، الطاف حسین، محمد اشفاق پسران، روبینہ، روزینہ، یاسمین دختران کرم داد، منزہ بی بی بیوہ، عثمان علی، احمد حسن، پسران، ماریہ انور، نمرہ انور، طیبہ انور، ماہ نور دختران محمد انور ،غلام رسول، فیض رسول، طارق محمود، خالد محمود پسران قائم دین ذات گوندل سکنائے واسو تحصیل و ضلع منڈی بہاؤالدین رفاقت ولد محمد اسلام سکنہ بارموسی تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین ایمنہ دختر تجن ذات گوندل سکنہ واسو تحصیل و ضلع منڈی بہاوالدین ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08-06-2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب زرتاشیہ نواز صاحبہ

سینئر سول جج گارڈین کورٹ منڈی بہاء الدین

عنوان: انعم بی بی بنام اسد علی، دعویٰ تنسیخ نکاح، اشتہار اخبار بنام اسد علی ولد ظفر اقبال سکنہ شہاری تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاء الدین دعویٰ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 11 جون 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

اطلاع گمشدگی کاغذات

میرا اوریجنل پاسپورٹ جس کا نمبر یاد نہ ہے جوکہ مورخہ 25-09-2025 کو علاقہ دیپالپور میں گم ہوگیا ہے۔ جس بارے میں شکایت ای ٹیگ نمبر CD-25/09/2025-5806 تھانہ سٹی دیپالپور درج کروائی ہے۔ کاغذات گمشدہ جس صاحب کو ملیں وہ درج ذیل پتہ پر پہنچا دے یا اطلاع کرے۔ مشکور ہونگا۔ منجانب: سجاول محمود ولد لیاقت محمود ساکن کرم دین ہاؤس محلہ بستی معین آباد دیپالپور ضلع اوکاڑہ

گمشدگی کاغذات

میری موٹرسائیکل ہنڈا CD-70 ماڈل 2021 انجن نمبر D584090 چیسی نمبر GH-296592 کی اصل لیٹر جاری شدہ ہنڈا کمپنی مورخہ 20-05-2026 کو علاقہ کاہنہ بازار میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے جو کافی تلاش کے بعد بھی نہیں جس کی گمشدگی رپورٹ مورخہ 01-06-2026 تھانہ کاہنہ لاہور میں درج ہے۔ جس کو ملے وہ درج ذیل پتہ پر ارسال کروے۔ المشتہر: محمد ابوبکر ولد شوکت سکنہ گجومتہ کاہنہ نو لاہور۔

بعدالت جناب مس عاطفہ اعوان

صاحبہ جج فیملی کورٹ جھنگ

عنوان مقدمہ: نسیم بی بی بنام محمد عمران۔ دعویٰ دلاء پانے ڈگری۔ اخبار اشتہار بنام محمد عمران ولد ظہور قوم قلندر سکنہ حویلی بہادر شاہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ حال مقیم عادے پل نزد ہائی سکول گوجرہ روڈ جھنگ۔ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ناممکن ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ مورخہ 17-06-2026 کو حاضر عدالت بوقت ...

بعدالت جناب حبیبہ یونس صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

درخواست گارڈین بعنوان: محمد وسیم بنام ساجدہ انور اشتہار بنام: ساجدہ انور دختر محمد انور شاہ سکنہ مکان نمبر E-852 گلی نمبر 11 محمد پورہ مست اقبال روڈ بالمقابل جنرل ہسپتال لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 08-06-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد ضیغم صاحب

سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: مسماۃ بشریٰ حنیف وغیرہ بنام عوام الناس بشریٰ حنیف بیوہ محمد حنیف سکنہ مکان نمبر 4 جملہ دھوبی جلو موڑ وارڈ نمبر 5 باٹاپور لاہور کینٹ ضلع لاہور بنام عوام الناس ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع ...

بعدالت جناب نعمان ناصر صاحب

سول جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ بعنوان: اسد علی ، بنام صولت علی وغیرہ اشتہار بنام: فرقان انور ولد انور احمد پٹالہ Batla مکان نمبرD-168 فیصل ٹاؤن لاہور، دی کواپریٹو انجینئرنگ ٹاؤن سوسائٹی لمیٹڈ سیکنڈ فلور کمرشل سنٹر بلاک D - 2 سیکٹر A انجینئرنگ ٹاؤن DHA روڈ لاہور بذریعہ سیکرٹری پرسن، دی پریزیڈنٹ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی سکنہ بلاک D - 2 سیکٹر A انجینئرنگ ٹاؤن DHA روڈ لاہور بنام مدعاعلیہم ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 11-06-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب علی نقی ٹیپو صاحب

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع بعنوان: مسماۃ صدف بنام عمر فاروق اشتہار بنام: عمر فاروق ولد محمد اکرم سکنہ Monowan ڈاکخانہ باٹاپور مین ...

TENDER NOTICE

Tenders are invited on the basis of single stage two envelope bidding procedure of PPRA rules 2014 clause 38-2(a), for the security services of TEPA Office premises at 4-C. Lytton Road, Lahore, from experienced / reputed firms / contractors having valid registration with Home Department, having NTN and Registered with PRA.

Sr. No.	Description of items	Estimated Cost / Earnest Money	Contract Time Period	Closing date	Opening date
1	SECURITY SERVICES FOR TEPA OFFICE BUILDING AT 4-C LYTTON ROAD, LAHORE & TEPA STORES AT JOHAR TOWN, SABZA ZAR & TEPA STORE NEAR QADDAFI STADIUM AND ASPHALT PLANT & PARKING PLAZAS	Rs. 14,354,722/- / Rs. 287,100/-	12 Month	25.06.2026 At 11:00 AM	25.06.2026 At 11:30 AM

Tender Documents (TORs):

- Subject procurement shall be carried out through E-PADS of Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) only. Bidding Documents containing detailed requirements, terms and conditions are available for the registered bidders on E-PADS at www.punjab.eprocure.gov.pk and Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) Website http://ppra.punjab.gov.pk.
- Tender will be processed on **"Single Stage Two Envelope"** bidding procedure as per PPRA rules 2014 clases 38-2.
- The bids propared in accordance with the instructions in the bidding documents, must be submitted on E-PADS.
- The Bid Security in the form of a Pay Order / Demand Draft / Call deposit Receipt in favour of Traffic Engineering and Transport Planning Agency (TEPA), LDA @ 2% i.e. Rs. 287,100/- of estimated cost shall be uploaded on E-PADS in soft copy and hard copy of the same (In original) shall be submitted in the office of Director (A&F), TEPA at 4-C Lytton Road, Lahore before closing time for submission of bids, otherwise bid shall be rejected.
- The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

TEPA

DIRECTOR ADMIN & FINANCE
TEPA, LDA LAHORE
4-C, Lytton Road, Lahore
PH: 99212519

IPL-5776

بقیہ 1

حدود کے اندر کاروباری سرگرمیاں انجام دیں، سامان سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر نہ رکھیں اور عمارتوں کے سامنے موجود سیٹ بیک ایریا کو پارکنگ کے لیے خالی رکھیں تاکہ شہریوں کو سہولت میسر آسکے اور ٹریفک کی روانی برقرار رہے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے جاری کریک ڈاؤن آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 2

کیا، کسی بیرونی مدد کی ضرورت پیش نہیں آئی، ملک میں ایک منصفانہ اور مؤثر ٹیکس نظام کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے بتایا کہ حکومت نے چھوٹے دکانداروں کے لیے فکس ٹیکس اسکیم متعارف کرا دی ہے، جو تاجروں اور انجمنِ تاجران کی مشاورت سے تیار کی گئی ہے، اس اسکیم کا اطلاق ایسے دکانداروں پر ہوگا جن کا سالانہ ٹرن اوور 20 کروڑ روپے یا اس سے کم ہے، جبکہ دکاندار اپنی مرضی سے موجودہ ٹیکس نظام میں بھی رہ سکتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اسکیم میں شامل دکانداروں کو ایف بی آر کی جانب سے خصوصی شناختی پلیٹ جاری کی جائے گی، جس پر دکان کا نام، این ٹی این اور ٹیکس سے متعلق معلومات درج ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پلیٹ پر موجود کیو آر کوڈ کے ذریعے ایف بی آر انسپکٹر تصدیق کرے گا اور کیو آر کوڈ اسکین کیے بغیر کسی انسپکٹر کو دکان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسکیم میں شامل دکانداروں کو عمومی آڈٹ سے استثنا حاصل ہوگا، جبکہ کسی خصوصی آڈٹ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے گی۔ آڈٹ معاملات کے لیے ایک باقاعدہ کمیٹی بھی قائم کی جائے گی، ملک میں 30 سے 40 لاکھ چھوٹے دکاندار موجود ہیں اور انہیں ٹیکس نیٹ میں لانا ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ وزیر مملکت خزانہ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ کی حمایت سے اس اسکیم کو نافذ کیا جا رہا ہے، جبکہ ایف بی آر حکام اور تاجر برادری کے تعاون سے اسے حتمی شکل دی گئی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تاجروں کے ساتھ مل کر اس اسکیم کو کامیاب بنایا جائے گا۔

بقیہ 3

جس میں بھارتی حمایت یافتہ 6 خارجی مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع پنجگور میں آپریشن بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، آپریشن میں دہشت گردوں کے کئی ٹھکانوں پر چھاپے مارے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجگور میں ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود، آئی ای ڈیز اور گاڑی برآمد کی گئی، فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے بتایا گیا کہ علاقے میں موجود کسی بھی بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے وفاقی اپیکس کمیٹی برائے نیشنل ایکشن پلان کے منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف اپنی مسلسل مہم پوری رفتار سے جاری رکھیں گے تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع پنجگور میں بھارتی حمایت یافتہ 6 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے معصوم اور نہتے پاکستانی شہریوں کی جان و مال کو نقصان پہنچانے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، حکومت پاکستان ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 4

سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود، طارق محمود رحمانی، وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر اور کمشنر راولپنڈی عامر خٹک بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر کو ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چلڈرن ہسپتال اگلے برس مکمل طور پر فعال ہو جائے گا۔ ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کے معیار اور رفتار پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے کہا کہ چلڈرن ہسپتال راولپنڈی میں جدید ترین صحت سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے کہا کہ عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 5

سطح کے وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعلقات کے علاوہ موٹرویز اور اہم منصوبوں پر سرمایہ کاری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے سعودی بزنس کونسل کو پاکستان کے تیزی سے پھیلتے ہوئے انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کی باضابطہ دعوت دی اور خاص طور پر ملک بھر میں جاری نئی موٹرویز اور اہم ٹرانسپورٹ نیٹ ورکس کی تعمیر کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے موزوں ترین منصوبوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات نے M6 (سکھر۔حیدرآباد)، M10 (کراچی پورٹ) اور M13 (کھاریاں۔راولپنڈی) موٹروے منصوبوں میں اسٹریٹجک شراکت داری کی پیشکش کی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ یہ مخصوص تجارتی راستے انتہائی قابل عمل، تجارتی لحاظ سے منافع بخش اور اپنی نمایاں تجارتی اہمیت کے باعث سعودی کاروباری برادری کے لیے سرمایہ کاری کے بہترین مواقع کے حامل ہیں۔ سعودی پاک بزنس کونسل کے چیئرمین پرنس منصور بن محمد السعود نے ان مخصوص موٹرویز کے منصوبوں میں شراکت داری اور سرمایہ کاری کے مواقع میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کونسل پاکستان کے مواصلات اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں وسیع تعاون کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے پاک سعودی وفد کو یقین دلایا کہ سعودی سرمایہ کاروں کو انتہائی قابل عمل اور منافع بخش انویسٹمنٹ ماڈلز فراہم کیے جائیں گے جو کہ ملک میں پھیلتا ہوا روڈ نیٹ ورک خطے میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرپا، آزمودہ اور گہرے برادرانہ تعلقات قائم ہیں اور ہر پاکستانی سعودی عرب کے ساتھ گہرا مذہبی اور دلی لگاؤ رکھتا ہے جس نے ہمیشہ پاکستان کے لیے خیرسگالی کا مظاہرہ کیا ہے۔

بقیہ 6

درخواست پر سماعت کا تحریری حکم جاری کرتے ہوئے وفاقی حکومت سمیت تمام فریقین کو 18 جون کے لیے نوٹس جاری کر دیئے۔ جسٹس ملک اویس خالد نے شہری ہدایت اللہ خان کی جانب سے دائر آئینی درخواست پر سماعت کے بعد تحریری حکم جاری کیا۔ عدالت نے اپنے حکم میں وفاقی حکومت، وزارتِ دفاع، نجکاری کمیشن، پی آئی اے اور دیگر متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ عدالت نے سرکاری وکیل کو بھی ہدایت کی کہ وہ تمام فریقین کی جانب سے جواب جمع کرانے کو یقینی بنائیں تاکہ درخواست میں اٹھائے گئے قانونی اور آئینی نکات کا مکمل جائزہ لیا جاسکے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری کے جاری عمل میں آئین اور قانون کے تقاضوں کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ قومی ادارے کی نجکاری کے لیے اختیار کیا گیا طریقہ کار شفافیت اور قانونی تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں اور اس کے نتیجے میں قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچنے کا خدشہ موجود ہے۔ درخواست گزار کے مطابق پی آئی اے کے اثاثوں کی مکمل اور شفاف ویلیوایشن قانونی تقاضوں کے مطابق نہیں کی گئی جبکہ قومی اثاثے کی فروخت سے قبل ضروری قانونی مراحل اور شفاف طریقہ کار بھی اختیار نہیں کیا گیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ قومی اہمیت کے حامل اداروں کی نجکاری کے عمل میں عوامی مفاد اور قومی سرمائے کے تحفظ کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔ درخواست میں وفاقی حکومت، وزارتِ دفاع، نجکاری کمیشن اور پی آئی اے کو فریق بناتے ہوئے استدعا کی گئی ہے کہ عدالت پی آئی اے کی نجکاری کے موجودہ عمل کو آئین اور قانون کے منافی قرار دے۔ مزید استدعا کی گئی ہے کہ نجکاری کے تمام اقدامات کو کالعدم قرار دیا جائے اور متعلقہ حکام کو قانون کے مطابق شفاف طریقہ کار اختیار کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 7

ادائیگیوں کیلئے پھر آئی ایم ایف کا سہارا لینا پڑسکتا ہے۔ دستاویز کے مطابق 7 ارب ڈالر کا موجودہ قرض پروگرام اگلے سال ستمبر یا اکتوبر میں ختم ہوگا، نئے سال پاکستان کی بیرونی مالی ضروریات 21.2 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے۔ 2027، 28 میں بیرونی مالی ضروریات ریکارڈ 29.88 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں۔ مالی سال 2028-29 میں بیرونی مالی ضروریات کا تخمینہ 23 ارب 59 کروڑ ڈالر جبکہ 2029، 30 میں پاکستان کو 22 ارب ڈالر کی ایکسٹرنل فنانسنگ درکار ہوگی۔ 2031 میں بیرونی مالی ضروریات 26 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گی۔ حکام کا دعویٰ ہے کہ فی الحال بیرونی قرضوں اور ادائیگیوں کیلئے فنڈز موجود ہیں۔ دستاویز کے مطابق اگلے مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 3.6 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے، آئی ایم ایف نے لچکدار ایکسچینج ریٹ برقرار رکھنے پر زور دیا ہے، حکومت نے نئے سال کے بجٹ کیلئے ڈالر کا ریٹ 290 روپے مقرر کردیا۔ آئندہ سال ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں 3.5 فیصد کمی کا تخمینہ ہے، رواں سال انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر تقریباً 278.42 روپے پر برقرار ہے۔ اگلے سال وفاق اور صوبے 3.2 ارب ڈالر کے غیر ملکی قرضے لیں گے۔

بقیہ 8

حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ترجمان کے مطابق پنجاب پولیس انفارمیشن اینڈ میڈیا سیل میں پی آر کانٹینٹ رائٹر کی 1 آسامی پر 7 امیدوار کامیاب ہوئے ہیں، کامیاب امیدواروں میں محمد آصف خان، رضا اختر، شوائز حسن جمال، عرفان الحق، محمد حسنین رسول اور محمد عثمان ظفر شامل ہیں۔ پنجاب پولیس انفارمیشن اینڈ میڈیا سیل میں پی آر کانٹینٹ رائٹر کی 1 آسامی پر 2 امیدوار کامیاب ہوئے جن میں زینب ظفر اور اوساف احمد جلال شامل ہیں۔ پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ، لیبر میں ای ایس ای کی 30 آسامیوں پر 117 امیدوار کامیاب ہوئے جن میں عائشہ، حفصہ انبساط، منظور راؤ، محمد عدنان، بلال حسن، علی اکبر اور محمد سعداللہ شامل ہیں۔ پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ، لیبر میں ای ایس ای کی 32 آسامیوں پر 29 امیدوار کامیاب ہوئے ہیں جن میں کومل رفیق، وسیم اختر، عمران خان، لبنیٰ بنیاد، اقرا عروج اور شہر بانو شامل ہیں۔ پنجاب جیل خانہ جات میں لیڈی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کی 14 آسامیوں پر 1 امیدوار مصباح کنول کامیاب ہوئی ہیں جبکہ 13 آسامیاں موزوں امیدواروں کی عدم دستیابی کے باعث خالی رہ گئیں، پنجاب جیل خانہ جات میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کی 115 آسامیوں پر 3 امیدوار کامیاب ہوئے جن میں ناصر علی، یاسر عباس کھوکھر اور محمد ایوب شامل ہیں۔ سیکرٹری پی پی ایس سی افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔

بقیہ 9

اسسٹنٹ سب انسپکٹرز (اے ایس آئیز) کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے باوردی تصاویر اور ویڈیوز ہٹا دیں۔ پالیسی کے تحت پولیس افسران کو ذاتی فیس بک، انسٹاگرام، ٹک ٹاک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر یونیفارم میں تصاویر یا ویڈیوز اپ لوڈ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ افسران وردی میں ذاتی سرگرمیوں سے متعلق مواد بھی اپنے پرسنل اکاؤنٹس پر شیئر نہیں کرسکیں گے۔ حکام کے مطابق پہلے سے موجود باوردی تصاویر بھی ذاتی اکاؤنٹس سے ہٹانے کی ہدایت جاری کی گئی ہے جبکہ وردی میں تصاویر اور ویڈیوز صرف سرکاری اور مجاز پولیس اکاؤنٹس کے ذریعے شیئر کی جاسکیں گی۔ لاہور پولیس نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ نئی پالیسی کا مقصد پولیس فورس کے پیشہ ورانہ تشخص کو برقرار رکھنا اور سوشل میڈیا کے استعمال سے متعلق قواعد وضوابط کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ 10

یونٹس میں موجود سرکاری گاڑیوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ان میں موجود فنی نقائص کو فوری طور پر دور کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او ساجد حسین نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے حساس ایام میں پولیس کی فوری رسپانس کسی بھی صورتحال سے نمٹنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، لہٰذا تمام سرکاری گاڑیوں کو مکمل طور پر فعال، محفوظ اور ہر وقت آپریشنل حالت میں رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ اور سکیورٹی ڈیوٹی کی بہترین انجام دہی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو جدید تقاضوں کے مطابق فعال بنایا جارہا ہے۔ ڈی پی او جھنگ نے واضح کیا کہ محرم الحرام کے پرامن انعقاد کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور سکیورٹی انتظامات کے ہر پہلو کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 11

گزشتہ ماہ 170 سے زائد مشکوک گاڑیوں کا سراغ لگالیا۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق جدید کیمروں اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی ٹیکنالوجی کی مدد سے مشکوک اور کلون نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی۔ سیف سٹی کے خودکار الرٹ سسٹم نے ان گاڑیوں کو ٹریس کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ جیسے ہی سیف سٹی کیمروں میں کوئی مشکوک یا مشتبہ نمبر پلیٹ نظر آتی ہے، نظام فوری طور پر خودکار الرٹ جاری کر دیتا ہے۔ اس کے بعد ورچوئل پٹرولنگ افسران قریبی پولیس ٹیموں کو گاڑی کی تفصیلات اور لوکیشن فراہم کرتے ہیں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔ ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ نمبر پلیٹ میں کسی قسم کی ردوبدل، جعلسازی یا ٹیمپرنگ صرف ای چالان سے بچنے کی کوشش نہیں بلکہ یہ ایک سنگین قانونی جرم ہے، جس پر ایف آئی آر درج ہو سکتی ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے جعلی اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے شہریوں کو قانون کے مطابق اصل اور رجسٹرڈ نمبر پلیٹس استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 12

کر دی گئی۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر

لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کا کہنا ہے کہ صرف وہی کمرشل گاڑیاں شہر میں داخل ہوسکیں گی جن کے ڈرائیورز کے پاس موثر اور درست ڈرائیونگ لائسنس موجود ہوگا۔ سی ٹی او لاہور نے واضح کیا ہے کہ بغیر فرنٹ اور بیک لائٹس، ہائی بیم کے غلط استعمال اور فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر چلنے والی کمرشل گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریت، مٹی یا دیگر سامان لے جانے والی لوڈر ٹریکٹر ٹرالیوں کو ترپال کے بغیر سڑکوں پر چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اس سلسلے میں شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر جنرل ہولڈ اپ اور خصوصی چیکنگ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ ایس پیز اور ڈی ایس پیز خود کریک ڈاؤن کی نگرانی کریں گے تاکہ ٹریفک قوانین پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا ہے کہ غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی گئی ہے۔ تمام کمرشل ڈرائیورز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے ڈرائیونگ لائسنس، فٹنس سرٹیفکیٹس اور دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ رکھیں تاکہ چیکنگ کے دوران کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 13

آپریشنل وسائل کی بہتری کا عمل تیز کر دیا ہے۔ اسی سلسلے میں ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے مختلف یونٹس میں موجود سرکاری گاڑیوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ان میں موجود فنی نقائص کو فوری طور پر دور کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او ساجد حسین نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے حساس ایام میں پولیس کی فوری رسپانس کسی بھی صورتحال سے نمٹنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، لہٰذا تمام سرکاری گاڑیوں کو مکمل طور پر فعال، محفوظ اور ہر وقت آپریشنل حالت میں رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے دوران عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ اور سکیورٹی ڈیوٹی کی بہترین انجام دہی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو جدید تقاضوں کے مطابق فعال بنایا جارہا ہے۔ ڈی پی او جھنگ نے واضح کیا کہ محرم الحرام کے پرامن انعقاد کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور سکیورٹی انتظامات کے ہر پہلو کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 14

اہل علاقہ سے تیسرے فری میڈیکل کیمپ میں بھرپور شرکت کی اپیل کی ہے۔ یہ بات پروفیسر علی عدنان ظفر چھٹہ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فری میڈیکل کیمپ 6 جون کو گھی چک نمبر RB/139، تحصیل چک جھمرہ، ضلع فیصل آباد میں منعقد ہوگا، جہاں پروفیسر ڈاکٹر طارق نذیر چھٹہ، ڈاکٹر راحیل عباس چھٹہ، ڈاکٹر شبنم طارق، ڈاکٹر فاروق انور چھٹہ اور ڈاکٹر منظور احسن سمیت ماہر ڈاکٹرز عوام کو مفت طبی خدمات فراہم کریں گے کیمپ میں فری میڈیکل چیک اپ، مفت ادویات، مفت میڈیکل ٹیسٹ، ہیپاٹائٹس سکریننگ، شوگر و بلڈ پریشر چیک اپ اور مستحق مریضوں کے لیے مفت کھانے کا انتظام بھی موجود ہوگا۔ گھی، چوڑی، مٹھیانوالہ، ملیانی، سوہنا ٹوبہ اور دیگر نواحی علاقوں کے تمام افراد اپنے اہل خانہ کے ساتھ ضرور شرکت کریں اور اس بہترین طبی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ 15

تنقید کرنے والوں کو عوام مسترد کر دیں گے۔ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) صفدر کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ سندھ کے باشعور عوام کی توہین کسی صورت برداشت نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کیپٹن صفدر سندھ کے عوام سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگیں۔ ارسلان اسلام شیخ نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی کارکردگی سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں عوامی مینڈیٹ کے ذریعے منتخب حکومت عوامی خدمت کا مشن جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے کسانوں اور ہاریوں کے لیے 55 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی جبکہ صحت کے شعبے میں بے مثال اقدامات کیے گئے ہیں۔ این آئی سی وی ڈی سمیت مختلف سرکاری اداروں میں لاکھوں مریضوں کو مفت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ میئر سکھر نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں سندھ کے دیہی علاقوں میں دنیا کے بڑے ہاؤسنگ منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ تھر کے کوئلے سے ملک کو سستی بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کے دیہاتوں میں 14 لاکھ خواتین مختلف مصنوعات تیار کر کے معاشی طور پر خود مختار بن رہی ہیں۔ انہوں نے وفاقی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وفاق نے سندھ بالخصوص کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے خاطر خواہ وسائل فراہم نہیں کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریلوے نظام کی بہتری اور موٹروے سمیت دیگر بنیادی منصوبوں پر وفاق کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ ارسلان اسلام شیخ نے کہا کہ کراچی کی ترقی کے لیے وفاق کو اپنا مالی اور آئینی حصہ ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پیپلز پارٹی صوبے کی تقسیم یا کسی نئے انتظامی یونٹ کے قیام کی مخالفت کرتی ہے اور بلاول بھٹو زرداری کی موجودگی میں سندھ کی وحدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے خواتین کو معاشی استحکام مل رہا ہے جبکہ پاکستان کی سفارتی کامیابیاں اور عالمی سطح پر ملک کا مثبت تشخص قابل ستائش ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کوششوں کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کا "پاکستان کھپے" کا نعرہ قومی یکجہتی کی علامت ہے اور پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت، جمہوریت اور وفاق پاکستان کے استحکام پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 16

جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ کی زیرنگرانی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تحصیل سمبڑیال میں ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے عابد فیبا میلٹنگ یونٹ کو مسمار کر دیا۔ کارروائی میں ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات سیالکوٹ جوہر عباس اور ان کی ٹیم نے بھی حصہ لیا۔ یہ کارروائی پنجاب انوائرنمنٹل پروٹیکشن (سموگ پریوینشن اینڈ کنٹرول) رولز 2023 کے تحت عمل میں لائی گئی، جن کے مطابق فضائی آلودگی اور سموگ میں اضافے کا سبب بننے والی صنعتی سرگرمیوں کے خلاف سخت قانونی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مذکورہ یونٹ سے خارج ہونے والا دھواں اور دیگر آلودگی شہریوں کی صحت اور ماحول کے لیے نقصان دہ ثابت ہو رہی تھی۔ حکومت پنجاب کی سموگ کے خاتمے اور ماحول دوست پالیسی کے تحت آلودگی پھیلانے والے صنعتی یونٹس کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف اور صحت مند ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے صنعتی مالکان کو ہدایت کی کہ وہ ماحولیاتی قوانین، ماحولیاتی تحفظ کے ضوابط اور سموگ رولز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر خلاف ورزی کے مرتکب افراد اور اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور سموگ کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ ادارے متحرک ہیں اور ماحول دشمن سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

میں ایک معصوم بچی کھلے مین ہول میں گر گئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے علاقہ محمود بوٹی شاہ گوہر آباد میں یہ افسوسناک حادثہ پیش آیا۔ علاقہ مکینوں کی بروقت کوششوں سے بچی کو مین ہول سے زندہ نکال لیا گیا۔ شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ریسکیو کیا، بارہا شکایات کے باوجود مین ہول بند نہ کیا گیا تھا۔ ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ مزید برآں شہریوں کی جانب سے تمام کھلے مین ہولز فوری بند کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے ذمہ دار افسران کے تعین اور سخت محکمانہ کارروائی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 18

ماحولیات، جنگلی حیات اور موسمیاتی اقدامات میں تاریخی پیشرفت ہوئی ہے جس کے تحت سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے پنجاب وائلڈ لائف ڈیجیٹل ڈیٹا بیس اور ای۔بز پنجاب پورٹل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ یہ تقریب ورلڈ انوائرنمنٹ ڈے 2026 کے سلسلے میں ''اے گلوبل کال فار کلائمیٹ ایکشن'' کے عنوان سے منعقد ہوئی، جس کا اہتمام محکمہ تحفظ ماحول، محکمہ جنگلی حیات، محکمہ جنگلات، ماہرین ماحولیات، آئی یو سی این اور متعلقہ اداروں کے اشتراک سے کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ ورلڈ انوائرنمنٹ ڈے ایک عالمی مہم ہے جو ہر سال منائی جاتی ہے اور اس سال کا موضوع موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف عالمی سطح پر مشترکہ اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ماحولیاتی تحفظ، کلائمیٹ ریزیلینس، جنگلی حیات کے تحفظ، فشریز، ایکوا کلچر اور شرمپ فارمنگ کے شعبوں کو خصوصی توجہ دی ہے۔ ماحولیاتی بحالی اور تحفظ محض دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ممکن ہے، اور پنجاب حکومت اس حوالے سے عملی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہے۔

بقیہ 19

لاگت بھی پوری نہیں ہوتی ہے۔ لیکن اس کے برعکس اینٹوں کی قیمتیں انتہائی نچلی سطح پر گر گئیں ہیں جس کی وجہ سے بھٹے کا کاروبار دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے۔ حکومت بھٹہ مالکان کے مسائل سمجھے اور کوئلہ کی قیمتیں کم کر کے فکس کی جائیں۔ اگر پورے ضلع کے بھٹہ مالکان نے کوئی مستقل لائحہ عمل نہ بنایا تو یہ کاروبار ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی دفتر ڈیرہ چوہدری علی اصغر بھولا گجر شہید جھنگ روڈ پر ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سرپرست اعلیٰ چوہدری اشرف گجر، ضلعی صدر چوہدری عبدالرزاق باجوہ، ڈویژنل صدر حاجی محمد اسلام، چیئرمین حاجی محمد الطاف، جنرل سیکرٹری حاجی غلام مصطفیٰ، نائب صدر رانا رشید خاں، سیکرٹری فنانس میاں اسد یوسف، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری رانا عبدالرؤف خاں، حاجی اسلم، میاں زین اکرم اور دیگر بھی موجود تھے۔ بھٹہ مالکان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں بھٹے کا کاروبار انتہائی مشکلات کا شکار ہے۔ کوئلہ، پیٹرول، لیبر ریٹ میں اضافہ ہو چکا ہے جبکہ اینٹوں کے ریٹ پرانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک حکومتی سطح پر بھٹہ مالکان کو کوئی ریلیف نہیں دیا جاتا اس انڈسٹری کا چلنا مشکل ہے۔ حکومت بھٹہ انڈسٹری کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک نہ کرے۔

بقیہ 20

چاندی کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔ آل مارکیٹ صرافہ اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 1 ہزار 469 روپے کمی سے 4 لاکھ 67 ہزار 816 روپے پر آگیا، جبکہ 10 گرام سونا 1 ہزار 323 روپے کمی سے 4 لاکھ 1 ہزار 12 روپے کی سطح پر آگیا ہے۔ دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس سونا 14 ڈالر سستا ہو کر 4 ہزار 453 ڈالر کی سطح پر آگیا۔

بقیہ 21

زائد ہونے سے ہزاروں طلبہ کا تعلیمی سال متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ کراچی میں اساتذہ اور ملازمین کا احتجاج اور تدریسی بائیکاٹ 37 ویں روز بھی برقرار ہے، جس کے باعث ہزاروں طلبہ وطالبات کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے۔ انجمن اساتذہ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے درمیان ہونے والے مذاکرات بھی تاحال کسی نتیجہ خیز مرحلے تک نہیں پہنچ سکے، جس کے بعد اساتذہ نے مطالبات کی منظوری تک بائیکاٹ جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ انجمن اساتذہ جامعہ کراچی کے صدر سید غفران عالم کی قیادت میں وائس چانسلر آفس کے باہر اساتذہ اور جامعہ کراچی ایمپلائز ایسوسی ایشن کا احتجاجی دھرنا بدستور جاری ہے۔ حال ہی میں ہونے والے اساتذہ کی جنرل باڈی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جب تک مطالبات پر عملی پیش رفت نہیں ہوتی، احتجاج ختم نہیں کیا جائے گا۔ اساتذہ کا موقف ہے کہ ہاؤس سیلنگ کے بقایاجات، ایوننگ پروگرام کے ڈھائی سال سے رکے ہوئے واجبات، لیو انکیشمنٹ، امتحانی ادائیگیاں اور ریٹائرڈ ملازمین کے فنڈز طویل عرصے سے روکے گئے ہیں، اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے ہاؤس سیلنگ میں اضافہ نہیں کیا جارہا۔ دوسری جانب جامعہ کراچی کی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ احتجاج شروع ہونے سے قبل ہی اساتذہ کو یونیورسٹی کی شدید مالی مشکلات سے آگاہ کر دیا گیا تھا۔ انتظامیہ نے حکومت کو فوری مالی گرانٹ اور بیل آؤٹ پیکیج کے لیے خطوط بھی ارسال کر رکھے ہیں۔ واضح رہے کہ اس وقت جامعہ میں سمسٹر بریک ہے، لیکن اساتذہ نے شام کی کلاسوں کے امتحانات کا بائیکاٹ بھی برقرار رکھا ہوا ہے۔ انتظامیہ کی سستی اور اساتذہ کے سخت موقف کے باعث تعلیمی شیڈول شدید متاثر ہو رہا ہے اور امتحانات کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال نے طلبہ کو شدید ذہنی پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔

بقیہ 22

محکموں کے سربراہان کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری، ایم ڈی واسا قصور کاشف منہاس، سول ڈیفنس آفیسر سیف اللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر کالج قصور، ایس این اے رانا عمران سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کی کارکردگی، جاری ترقیاتی سکیموں، عوامی شکایات کے ازالے، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، تعلیم، سول ڈیفنس اور دیگر شعبوں میں جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق عوام کو ریلیف کی فراہمی اور سرکاری خدمات کے معیار میں بہتری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام محکمے اپنے مقررہ اہداف کے حصول کیلئے مربوط حکمت عملی اختیار کریں۔ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے فوری اور موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور شہری سہولیات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ دفاتر میں عوام کو بہترین سہولیات اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جائے۔ فیلڈ افسران باقاعدگی سے دورے کر کے زمینی حقائق کی روشنی میں مسائل کے حل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری افسران اور اداروں کی کارکردگی کا مسلسل جائزہ لیا جارہا ہے اور عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ عوامی خدمت کے مشن کو آگے بڑھائیں۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف محکموں کے سربراہان نے

جب عورت کو ہتھیار بنا دیا گیا

چراغِ طور
محمد محسن اقبال
email: ememiqbal68@gmail.com



وسائل سے مالا مال مگر دشوار گزار خطہ بلوچستان میں جاری شورش نے حالیہ برسوں میں ایک نہایت تشویش ناک اور المناک رخ اختیار کرلیا ہے۔ بلوچ لبریشن آرمی اور اس سے وابستہ تنظیموں کی طویل مسلح مہم، جو کبھی چھاپہ مار کارروائیوں تک محدود تھی، اب ایک ایسے مرحلے میں داخل ہوچکی ہے جہاں خواتین کو دہشت گردی کے آلہ ءکار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ یہ تبدیلی نہ صرف علیحدگی پسند عناصر کی بے بسی اور مایوسی کی عکاس ہے بلکہ اس بھاری انسانی قیمت کو بھی آشکار کرتی ہے جو بلوچستان کے عوام کو ادا کرنا پڑ رہی ہے، جہاں خاندان بکھر رہے ہیں اور بستیاں خوف کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

قرآنِ مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "جس نے کسی ایک جان کو ناحق قتل کیا، گویا اس نے پوری انسانیت کو قتل کر دیا، اور جس نے ایک جان کو بچایا، گویا اس نے پوری انسانیت کو بچا لیا" (المائدہ: 32)۔ یہ مقدس تعلیمات ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ بے گناہ جان کا قتل اللہ کے نظامِ عدل کے خلاف ایک سنگین جرم اور زمین میں فساد برپا کرنے کے مترادف ہے مگر افسوس کہ دہشت گرد عناصر اس ابدی ہدایت سے بے نیاز اپنی تباہ کن راہ پر گامزن ہیں۔ بلوچ لبریشن آرمی نے حالیہ برسوں میں خواتین کو خودکش حملوں کے لیے استعمال کرنے کا رجحان اختیار کیا ہے۔ ان حملوں کا ہدف سکیورٹی فورسز، قومی تنصیبات اور بعض اوقات شہری سرگرمیوں سے وابستہ مقامات بھی بنتے ہیں۔ یہ طرزِ عمل بلوچستان کی روایتی سماجی اقدار کے بالکل برعکس ہے، جہاں خواتین کو عزت، استحکام اور خاندان کی بنیاد تصور کیا جاتا ہے۔ اب انہی خواتین کو ایک ایسی جنگ کا ایندھن بنایا جارہا ہے جو تباہی اور خونریزی کے سوا کچھ نہیں دیتی۔ پاکستانی حکام کے مطابق متعدد ایسے واقعات سامنے آئے ہیں جن میں نوجوان خواتین یا تو انتہا پسند نظریات کے زیرِ اثر آئیں یا پھر بعد ازاں انکشاف ہوا کہ انہیں ذہنی دباؤ، بلیک میلنگ یا جھوٹے وعدوں کے ذریعے اس راستے پر دھکیلا گیا۔

اس سلسلے کا سب سے نمایاں واقعہ اپریل 2022 میں پیش آیا جب دو بچوں کی ماں اور سائنس کی استاد شاری بلوچ نے کراچی یونیورسٹی کے کنفیوشس انسٹیٹیوٹ میں خودکش حملہ کیا۔ اس دھماکے میں تین چینی اساتذہ اور ایک پاکستانی ڈرائیور جاں بحق ہوئے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے اسے اپنی پہلی خاتون خودکش کارروائی قرار دیا۔ اس واقعے نے پورے ملک کو حیرت میں ڈال دیا اور یہ سوال پیدا کیا کہ آخر تعلیم یافتہ اور بظاہر مستحکم پس منظر رکھنے والی خواتین اس قدر خطرناک انتہا پسندی کا شکار کیسے ہوجاتی ہیں۔

اس کے بعد اسی نوعیت کے واقعات کا سلسلہ جاری رہا۔ جون 2023 میں سمیعہ قلندرانی بلوچ نے تربت میں ایک فوجی قافلے پر حملہ کیا۔ بعد ازاں ماہل بلوچ سمیت دیگر خواتین بھی مختلف کارروائیوں میں شریک رہیں۔ 2026 کے آغاز تک یہ رجحان مزید شدت اختیار کر گیا۔ جنوری اور فروری میں بلوچستان بھر میں ہونے والے مربوط حملوں میں خواتین کا کردار نمایاں رہا۔ آصفہ مینگل، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنی اکیسویں سالگرہ کے دن تنظیم میں شمولیت اختیار کی تھی، سکیورٹی تنصیبات پر حملوں میں شامل رہی۔ ہوا بلوچ کو بلوچ لبریشن آرمی کی جانب سے جاری کردہ ویڈیوز میں دیکھا گیا جہاں وہ گوادر میں فورسز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی۔ اسی طرح زریں رفیق نے نومبر 2025 میں نوکنڈی میں نیم فوجی ہیڈ کوارٹر پر بارود سے بھری گاڑی چڑھا دی اور یوں وہ مختصر عرصے میں سامنے آنے والی متعدد خاتون خودکش حملہ آوروں میں شامل ہوگئی تاہم ان واقعات کا سب سے تاریک پہلو ان خواتین کے اعترافات ہیں جو اپنی کارروائیاں مکمل کرنے سے پہلے گرفتار ہوگئیں۔ مثال کے طور پر سابقہ ہیلتھ ورکر عدیلہ بلوچ نے دورانِ تفتیش بتایا کہ اسے تنظیم کے کارندوں نے مسلسل نفسیاتی دباؤ اور جبر کا نشانہ بنایا۔ دیگر خواتین نے بھی اعتراف کیا کہ انہیں مزاحمت اور آزادی کے دلکش نعروں کے ذریعے راغب کیا گیا، مگر بعد میں وہ ایسے جال میں پھنس گئیں جہاں واپسی کا کوئی راستہ باقی نہ رہا۔ پاکستانی حکام کے مطابق اگرچہ بعض افراد نظریاتی وابستگی رکھتے ہیں، لیکن ایک بڑی تعداد ایسی بھی ہے جس کی معاشی مشکلات، خاندانی دباؤ اور سماجی محرومیاں ان کے خلاف بطور ہتھیار استعمال کی جاتی ہیں۔ اسلام کی تعلیمات اس طرزِ عمل کی صریح نفی کرتی ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ کے دوران بھی عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ جب ایک مقتولہ عورت دیکھی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سخت ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا اور عورتوں اور بچوں کے قتل کو ممنوع قرار دیا۔ ایسے میں یہ سوال اپنی پوری شدت کے ساتھ ابھرتا ہے کہ جو لوگ خود کو مسلمان کہتے ہیں، وہ اپنی ہی بیٹیوں اور بہنوں کو خودکش حملوں کی آگ میں جھونکنے کا جواز کیسے پیدا کرتے ہیں؟ قرآن مجید واضح حکم دیتا ہے: "اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو، بے شک اللہ تم پر بڑا مہربان ہے" (النساء: 29) اور "اپنے ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو" (البقرہ: 195)۔ یہ قرآنی اور نبوی تعلیمات دہشت گردوں کی اس حکمتِ عملی پر ایک واضح اور دوٹوک ردِعمل ہیں۔

خواتین کو خودکش حملہ آوروں کے طور پر استعمال کرنے کی یہ روش عالمی سطح پر بھی شدید تشویش کا باعث بنی ہے۔ یورپی یونین اور متعدد مغربی ممالک نے پاکستان کے اس حق کی حمایت کی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے مؤثر اقدامات کرے۔ مختلف بین الاقوامی فورمز پر ان حملوں کی مذمت کی گئی ہے اور ان نیٹ ورکس کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے جو تشدد اور عدم استحکام کو فروغ دیتے ہیں۔ عالمی برادری اس امر کو تسلیم کرتی ہے کہ ایسے اقدامات نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں، خصوصاً بلوچستان کی جغرافیائی اور اقتصادی اہمیت کے پیشِ نظر۔

اگرچہ عالمی سطح پر پاکستان کے مؤقف کو پذیرائی مل رہی ہے، تاہم بیرونی سرپرستی کے الزامات بھی مسلسل زیرِ بحث رہتے ہیں۔ پاکستانی حکام طویل عرصے سے یہ مؤقف اختیار کرتے رہے ہیں کہ بھارت اور بعض دیگر عناصر پسِ پردہ ایسے گروہوں کی معاونت کرتے ہیں جو بلوچستان میں بدامنی کو ہوا دیتے اور ترقیاتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نئی دہلی ان الزامات کو مسترد کرتا ہے، مگر انٹیلی جنس رپورٹس اور ماضی کے بعض واقعات کی روشنی میں یہ معاملہ دونوں ممالک کے تعلقات میں بدستور ایک حساس موضوع بنا ہوا ہے۔ اس تمام کشمکش کا سب سے دردناک پہلو انسانی المیہ ہے۔ بلوچستان کی وہ خواتین جو جبر کا شکار ہوئیں یا اپنی مرضی سے اس راستے پر چل پڑیں، ایک ایسی اجتماعی سانحے کی علامت ہیں جو میدانِ جنگ سے کہیں زیادہ وسیع ہے۔ گرفتار ہونے والی متعدد خواتین بعد ازاں اپنے فیصلوں پر ندامت کا اظہار کرتی ہیں، جو اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ دہشت گردی اکثر انہی لوگوں کو نشانہ بناتی ہے جو سب سے زیادہ کمزور اور بے سہارا ہوتے ہیں۔ پاکستانی سکیورٹی ادارے ایک طرف دہشت گرد خطرات کا مقابلہ کر رہے ہیں تو دوسری طرف گمراہ ہونے والوں کی بحالی پر بھی توجہ دے رہے ہیں۔ بلوچستان میں خواتین کو دہشت گردی کے لیے استعمال کرنے کی یہ خطرناک حکمتِ عملی اس امر کی یاد دہانی ہے کہ شورش پسند عناصر افراتفری کو زندہ رکھنے کے لیے کس حد تک جا سکتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور خوشحالی کے مستحق ہیں، نہ کہ ایسی جنگ کے ایندھن بننے کے جو ان کی بیٹیوں اور بہنوں کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کرے۔ پاکستان کا عزم، جسے عالمی حمایت اور عدل و رحمت پر مبنی اسلامی اصولوں کی پشت پناہی حاصل ہے، اسی وقت کامیاب ہوسکتا ہے جب دہشت گرد عناصر کا قلع قمع کرنے کے ساتھ ساتھ مقامی محرومیوں کا ازالہ ترقی، تعلیم، روزگار اور بامعنی مکالمے کے ذریعے بھی کیا جائے۔ یہی وہ راستہ ہے جو تشدد کے اس نہ ختم ہونے والے چکر کو توڑ سکتا ہے اور بلوچستان کو ایک پرامن اور روشن مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔

ننکانہ صاحب پولیس کی جانب سے گرفتار منشیات فروشوں کے حوالے سے میڈیا نمائندوں کو بریفنگ دی جارہی ہے

ننکانہ پولیس کی کارروائیاں' 5 منشیات فروش گرفتار

ملزمان سے 9 کلو سے زائد منشیات برآمد، مقدمات درج، تفتیش شروع

ضلع سے منشیات فروشوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے' ڈی پی او ارسلان زاہد

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5 منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار۔ بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس نے گرفتار ملزمان سے 9 کلو سے زائد منشیات 9350 گرام برآمد کی جس میں تھانہ سٹی ننکانہ پولیس نے ملزم پیٹر جان کو گرفتار کرکے 3200 گرام منشیات برآمد کی۔ مزید کارروائیوں کے دوران پولیس تھانہ وار برٹن نے ملزم تنویر حسین کو گرفتار کرکے 1400 گرام جبکہ ملزم علی رضا کو گرفتار کرکے 1370 گرام منشیات برآمد کی۔ دوسری جانب تھانہ فیض آباد پولیس نے ملزم عرفان علی کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا اور ملزم کے قبضہ سے 1680 گرام منشیات برآمد کی جبکہ مزید کارروائی کے دوران تھانہ فیض آباد پولیس نے ملزم عرفان کو گرفتار کرکے 1700 گرام منشیات برآمد کی۔ ضلعی پولیس کی جانب سے گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ملزمان کے خلاف مزید کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ ڈی پی او نے بھرپور کارروائیاں کرنے پر پولیس افسران و ملازمان کو شاباش دی ہے اور مزید کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایات دی ہیں۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ ضلع سے منشیات فروشوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی منشیات فری پنجاب مہم کے تحت بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

وقاص خان کاکڑ کا چیئرمین یوسی 35 کیلئے الیکشن لڑنے کا اعلان

چیچکی (نامہ نگار) مسلم لیگی رہنماء وقاص خان کاکڑ نے یونین کونسل نمبر 35 سے چیئرمین کا الیکشن لڑنے کا اعلان کردیا، سیاسی وسماجی حلقوں کا بھرپور حمایت کا اعلان تفصیلات کے مطابق معروف سیاسی وسماجی رہنماء اور مسلم لیگی عہدیدار وقاص خان کاکڑ نے یونین کونسل نمبر 35 چک نمبر 53/3 سے بطور چیئرمین الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا جس پر سیاسی، سماجی اور کاروباری حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور انہوں نے نے وقاص خان کاکڑ کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا ہے، وقاص خان کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انہوں نے یونین کونسل کی تمام برادریوں سے مشاورت کے بعد حلقہ کی مزید تعمیر وترقی کیلئے الیکشن میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ مسلم لیگ ن کی ایم این اے ڈاکٹر شذرہ منصب اور ایم پی اے آغا علی حیدر خان کے خصوصی فنڈز سے پوری یونین کونسل میں کروڑوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، مسلم لیگ ن ملک اور علاقے کی تعمیر وترقی کا دوسرا نام ہے۔

پی پی 65 کے سابق بلدیاتی نمائندگان مقامی راہنماؤں کا پیر غلام فرید کی قیادت پر اعتماد کا اظہار

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹری اروپ میں پی پی 65 کے سابق بلدیاتی نمائندگان اور سرکردہ مقامی راہنماؤں کا مشاورتی اجلاس، ایم این اے شازیہ فرید، پیر عامر فرید کی بلدیاتی حد بندیوں بارے تفصیلی مشاورت، تمام یونین کونسلوں کے راہنماؤں کا پیر غلام فرید کی قیادت پر متفقہ طور پر مکمل اعتماد کا اظہار، ہر یونین کونسل میں انکے تمام فیصلے قبول کیے جائیں گے، راہنماؤں کا اعلان، اس موقع پر بلدیاتی حد بندیوں بارے الیکشن کمیشن میں اعتراضات جمع کرانے کے لیے 4 رکنی کمیٹی بھی قائم کردی گئی کمیٹی میں پیر نعمان علی، ضلعی جائنٹ سیکرٹری سردار حق نواز چیمہ، ملک حنیف اعوان، علی احمد چھینہ ایڈووکیٹ شامل ہیں

سیالکوٹ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات جوہر عباس عالمی یوم ماحولیات کے سلسلہ میں آگاہی واک کے بعد پودا لگا کر دعا کر رہے ہیں

عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے سیالکوٹ میں واک

آگاہی واک کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین نے کی

موسمیاتی تبدیلیاں پوری دنیا کیلئے بڑا چیلنج بن چکی ہیں' عباس ذوالقرنین کی گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس سیالکوٹ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین کی زیر صدارت آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں محکمہ تحفظ ماحولیات، پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے)، ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ کے افسران و اہلکاروں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین نے کہا کہ عالمی یوم ماحولیات منانے کا مقصد عوام میں ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں پوری دنیا کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہیں اور ان کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ درختوں کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہر شہری اگر اپنے حصے کا ایک درخت بھی لگائے اور اس کی نگہداشت کرے تو ماحول کو بہتر بنانے اور آلودگی میں کمی لانے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ صاف ستھرے اور سرسبز ماحول کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات جوہر عباس، ڈائریکٹر پی ایچ اے محبوب الٰہی کھر، انسپکٹر ماحولیات شاہد ڈوگر، ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاروں، محکمہ تحفظ ماحولیات کے عملے اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ بعد ازاں عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے شرکاء نے ڈپٹی کمشنر آفس کے سبزہ زار میں پودے لگائے اور ماحول دوست سرگرمیوں کے فروغ، شجرکاری اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ سرسبز اور صاف ماحول ہی آنے والی نسلوں کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کی ضمانت ہے۔

سپیریئر کالج جھنگ اور صنعت زار جھنگ میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جارہے ہیں

سپیریئر کالج جھنگ اور صنعت زار جھنگ میں معاہدہ طے

تعلیم کے فروغ اور خواتین کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم او یو سائن

مقصد صنعت زار سے وابستہ افراد کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) سپیریئر کالج جھنگ اور صنعت زار جھنگ کے درمیان تعلیم کے فروغ اور خواتین کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اہم مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کر دیے گئے۔ اس معاہدے کا مقصد صنعت زار جھنگ سے وابستہ خواتین، طالبات اور ملازمین کے اہل خانہ کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت صنعت زار جھنگ کے سٹاف ممبران کے بچوں، صنعت زار کے زیرِ انتظام مختلف تربیتی و فنی پروگراموں سے استفادہ کرنے والی خواتین اور دیگر مستحق طالبات وطلبہ کو سپیریئر کالج جھنگ میں میٹرک، انٹرمیڈیٹ اور تمام یونیورسٹی پروگرامز میں داخلے کے وقت ٹیوشن فیس پر 30 فیصد خصوصی رعایت دی جائیگی۔ مفاہمتی یادداشت پر سپیریئر کالج جھنگ کے پرنسپل پروفیسر عثمان حیدر یلدرم اور صنعت زار جھنگ کے منیجر سید عباس رضوی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے نمائندگان نے باہمی تعاون کے فروغ اور تعلیمی شعبے میں مشترکہ اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سپیریئر کالج جھنگ کے پرنسپل پروفیسر عثمان حیدر یلدرم نے کہا کہ ادارے کا مقصد معاشرے کے ہر طبقے خصوصاً خواتین کو معیاری اور سستی تعلیم کی فراہمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعت زار جھنگ کے ساتھ یہ شراکت داری خواتین کی تعلیمی و پیشہ ورانہ ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی اور انہیں اعلیٰ تعلیم کے مزید مواقع میسر آئیں گے۔ صنعت زار جھنگ کی انتظامیہ نے اس معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام خواتین اور نوجوانوں کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ انہوں نے سپیریئر کالج جھنگ کی جانب سے دی جانے والی خصوصی رعایت کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس سے زیادہ سے زیادہ طالبات اور طلبہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی طرف راغب ہوں گے۔ تقریب کے اختتام پر دونوں اداروں کے نمائندگان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون کے ذریعے تعلیم، ہنرمندی اور سماجی ترقی کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ نوجوان نسل کو روشن مستقبل کی جانب گامزن کیا جاسکے۔

اولیاء اپنے مریدین کی رہنمائی فرماتے ہیں' حافظ عمران

جن کے سائیں سر پر موجود ہوں وہ انہیں مشکلوں سے نکالتے ہیں' خطاب

سید چن پیر گیلانی قادری کے 5ویں عرس کی تقریب' کثیر تعداد میں مریدین شریک

ملکی سلامتی وخوشحالی، بیماروں کی صحت یابی، فوت شدگان کی مغفرت کیلئے دعائیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) اولیا اللہ اپنے مریدین کے قریب رہتے ہیں، ولی کا مطلب قریب کے ہیں، جن کے سائیں سر پر موجود ہوں وہ انہیں مشکلوں سے نکال لیتے ہیں، اولیا اللہ اپنے مریدوں کی رہنمائی فرماتے ہیں، برائی سے بچاتے ہیں، ہماری نوجوان نسل کو بابے شے ای کوئی نہیں کہہ کر گمراہ کیا جارہا ہے، جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جلن ہو اس کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک اور فضلیت بیان کر دو، ان خیالات کا اظہار حضرت مولانا علامہ صاحبزادہ حافظ محمد عمران آسی نقشبندی مجددی خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ چورہ شریف نے رائے خورد مرکز اولیا میں مخدوم اولیا مخدوم سید چن پیر گیلانی قادری کا پانچویں سالانہ عرس کے حوالے سے منعقدہ محفل نعت وخطاب کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، محفل کی صدارت گدی نشین دربار حضرت میاں میر صاحب و گدی نشین مخدوم سائیں پیر سید علی رضا گیلانی نے کی، پنڈت بھگت لال کھوکھر بالمیک مندر نیلا گنبد انارکلی لاہور نے بھی خصوصی شرکت کی اور حضرت علیؑ کی شان بیان کی، جبکہ محفل میں آغاز سمیع اللہ قادری کی تلاوت کلام پاک اور معروف نعت خواں حضرات کی نعت پاک سے کیا گیا، محفل میں ارشد بشیر نقشبندی، اعظم قادری، میاں غلام محمد پارٹی برادران، پیر سید عبدالماجد، صاحبزادہ سید حسن شاہ گیلانی نے خوبصورت انداز میں ہدیہ نعت پیش کیا، محفل میں مریدین، عقیدت مندوں کے ساتھ ساتھ علاقہ کی سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات، صحافیوں سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد نے خصوصی شرکت کی، گدی نشین دربار حضرت میاں میر صاحب و گدی نشین مخدوم سائیں پیر سید علی رضا گیلانی نے ملکی سلامتی و خوشحالی، بیماروں کی صحت یابی، فوت شدگان کی مغفرت و حلقہ احباب کے کاروبار کی ترقی و مشکلات کے خاتمہ کیلئے خصوصی دعا کی۔

مصطفیٰ آباد: مخدوم سائیں پیر سید علی رضا گیلانی، حافظ محمد عمران آسی، پنڈت بھگت لال کھوکھر سمیت دیگر اہم شخصیات عرس کے موقع پر منعقدہ محفل سے اظہار خیال کر رہے ہیں

سمبڑیال پولیس نے قتل کا ملزم گرفتار کرلیا

ماحولیات، شجرکاری اور صاف ستھرے ماحول کی اہمیت

راؤ افضال احمد خاں

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر اپنا نائب بنا کر بھیجا اور اسے بے شمار نعمتوں سے نوازا۔ ان نعمتوں میں صاف ہوا، میٹھا پانی، سرسبز درخت، زرخیز زمین اور خوبصورت قدرتی ماحول شامل ہیں۔ ماحولیات دراصل ان تمام قدرتی عوامل کا مجموعہ ہے جو انسانی زندگی، جانوروں، پودوں اور دیگر جانداروں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ایک صحت مند ماحول انسان کی جسمانی، ذہنی اور معاشرتی زندگی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ بدقسمتی سے صنعتی ترقی، جنگلات کی کٹائی، فضائی آلودگی، پانی کی آلودگی اور بے ہنگم شہری آبادی میں اضافے نے ماحولیات کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ آج پوری دنیا ماحولیاتی تبدیلیوں، گلوبل وارمنگ، موسمی بے ترتیبی، سیلاب، خشک سالی اور فضائی آلودگی جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہے۔ ان مسائل کے حل کے لیے شجرکاری کو فروغ دینا اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔

ماحولیات سے مراد انسان کے اردگرد موجود تمام قدرتی اور مصنوعی عناصر ہیں جو اس کی زندگی کو متاثر کرتے ہیں۔ اس میں ہوا، پانی، زمین، درخت، پودے، جانور، پہاڑ، دریا اور انسانی سرگرمیاں شامل ہیں۔ اگر ماحول متوازن اور صاف ہو تو زندگی خوشحال ہوتی ہے، جبکہ آلودہ ماحول بیماریوں اور مختلف مسائل کو جنم دیتا ہے۔ اسلام نے بھی ماحول کے تحفظ پر خصوصی زور دیا ہے۔ قرآن مجید میں بارہا زمین کی اصلاح اور اس کی حفاظت کی تلقین کی گئی ہے۔ اسلام نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا اور درخت لگانے کو صدقہ جاریہ فرمایا۔

آج ماحولیات کو درپیش خطرات کی کئی وجوہات ہیں، جن میں درج ذیل نمایاں ہیں:

1۔ جنگلات کی بے دریغ کٹائی' آبادی میں اضافے اور تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث درختوں کی بڑی تعداد کاٹی جارہی ہے۔ اس سے ماحول کا قدرتی توازن بگڑ رہا ہے اور زمین بنجر ہوتی جارہی ہے۔

2۔ فضائی آلودگی' فیکٹریوں، گاڑیوں اور صنعتی یونٹس سے خارج ہونے والا دھواں فضا کو آلودہ کررہا ہے۔ اس سے سانس، دل اور پھیپھڑوں کی بیماریوں میں اضافہ ہورہا ہے۔

3۔ پانی کی آلودگی' کارخانوں کا کیمیائی فضلہ، گندا پانی اور کچرا دریاؤں اور نہروں میں شامل ہو کر پانی کو آلودہ کر دیتا ہے جس سے انسانی صحت متاثر ہوتی ہے۔

4۔ پلاسٹک کا بے جا استعمال' پلاسٹک کی تھیلیاں اور دیگر مصنوعات زمین اور پانی دونوں کے لیے نقصان دہ ہیں۔ یہ کئی سالوں تک ختم نہیں ہوتیں اور ماحول کو آلودہ کرتی رہتی ہیں۔

5۔ کچرے کا غلط انتظام' گھروں، بازاروں اور عوامی مقامات پر کچرا پھیلانا مختلف بیماریوں اور ماحولیاتی خرابیوں کا سبب بنتا ہے۔

درخت قدرت کا عظیم تحفہ ہیں۔ یہ نہ صرف ماحول کو خوبصورت بناتے ہیں بلکہ انسانی زندگی کے لیے بے شمار فوائد بھی فراہم کرتے ہیں۔

1۔ آکسیجن کی فراہمی' درخت آکسیجن پیدا کرتے ہیں جو انسان اور دیگر جانداروں کی زندگی کے لیے ضروری ہے۔ ایک صحت مند درخت روزانہ بڑی مقدار میں آکسیجن فراہم کرتا ہے۔

2۔ فضائی آلودگی میں کمی' درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دیگر نقصان دہ گیسوں کو جذب کرتے ہیں اور ماحول کو صاف رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

3۔ درجہ حرارت میں کمی' درخت سایہ فراہم کرتے ہیں اور گرمی کی شدت کو کم کرتے ہیں۔ زیادہ درختوں والے علاقے نسبتاً ٹھنڈے اور خوشگوار ہوتے ہیں۔

4۔ بارشوں میں مدد' درخت فضائی نمی کو برقرار رکھتے ہیں جس سے بارشوں کے امکانات بڑھ جاتے ہیں اور موسمی توازن قائم رہتا ہے۔

5۔ مٹی کے کٹاؤ کی روک تھام' درختوں کی جڑیں زمین کو مضبوطی سے تھامے رکھتی ہیں جس سے مٹی کا کٹاؤ کم ہوتا ہے اور زرخیزی برقرار رہتی ہے۔

6۔ جنگلی حیات کا تحفظ' پرندوں اور جانوروں کی بہت سی اقسام درختوں پر انحصار کرتی ہیں۔ شجرکاری حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں مدد دیتی ہے۔

7۔ معاشی فوائد' درخت لکڑی، پھل، ادویات اور دیگر قیمتی وسائل فراہم کرتے ہیں جو ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

اسلام صرف عبادات ہی نہیں بلکہ ماحولیات کے تحفظ کی بھی تعلیم دیتا ہے۔ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے کیونکہ اس سے انسانوں، جانوروں اور پرندوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ صاف ماحول صحت مند معاشرے کی بنیاد ہوتا ہے۔ گندگی نہ صرف بیماریوں کو جنم دیتی ہے بلکہ معاشرتی بدصورتی کا سبب بھی بنتی ہے۔

1۔ صحت کا تحفظ: صاف ماحول مختلف بیماریوں جیسے ڈینگی، ملیریا، ہیضہ اور سانس کی بیماریوں سے بچاؤ میں مدد دیتا ہے۔

2۔ ذہنی سکون: صاف اور سرسبز ماحول انسان کو ذہنی سکون اور خوشی فراہم کرتا ہے۔

3۔ خوبصورتی میں اضافہ: صاف ستھرے شہر اور دیہات لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور سیاحت کو فروغ دیتے ہیں۔

4۔ معاشی ترقی: صحت مند افراد بہتر انداز میں کام کر سکتے ہیں جس سے قومی ترقی میں اضافہ ہوتا ہے۔

ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں، ہر شہری کو سالانہ کم از کم ایک درخت ضرور لگانا چاہیے اور اس کی حفاظت بھی کرنی چاہئے۔ پلاسٹک بیگز کے بجائے کپڑے یا کاغذ کے تھیلوں کا استعمال کیا جائے۔ گھروں، دفاتر اور بازاروں میں ڈسٹ بن استعمال کیے جائیں اور کچرے کو کھلے عام نہ پھینکا جائے۔ پانی ضائع کرنے کے بجائے اسے احتیاط سے استعمال کیا جائے تاکہ آبی وسائل محفوظ رہیں۔ ممکن ہو تو پیدل چلنے، سائیکل چلانے یا پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کو ترجیح دی جائے۔ اپنے علاقے میں صفائی کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ تعلیمی اداروں، مساجد، سرکاری دفاتر اور سماجی تنظیموں کو شجرکاری مہمات کا اہتمام کرنا چاہئے۔ نوجوان نسل میں ماحولیات کے تحفظ کا شعور پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کارخانوں کو جدید فلٹریشن نظام استعمال کرنا چاہیے تاکہ نقصان دہ دھواں اور فضلہ کم سے کم خارج ہو۔ پارکوں، سڑکوں، نہروں اور تفریحی مقامات کو صاف رکھنے کے لیے اجتماعی ذمہ داری کا احساس پیدا کرنا ضروری ہے۔

پاکستان کو ماحولیاتی حوالے سے کئی مشکلات کا سامنا ہے۔ جنگلات کی کمی، فضائی آلودگی، پانی کی قلت، موسمی تبدیلیاں اور کچرے کے ناقص انتظام جیسے مسائل ملک کی ترقی میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ حالیہ برسوں میں سیلاب، شدید گرمی کی لہریں اور پانی کی قلت نے اس مسئلے کی سنگینی کو مزید واضح کر دیا ہے۔ ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت، نجی اداروں، تعلیمی مراکز، مذہبی رہنماؤں اور عام شہریوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔

ماحولیات کا تحفظ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر فرد کا قومی اور اخلاقی فریضہ ہے۔ اگر ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند اور خوبصورت دنیا دینا چاہتے ہیں تو ہمیں آج ہی ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ شجرکاری کو فروغ دینا، پانی اور توانائی کی بچت کرنا، صفائی کا خیال رکھنا اور آلودگی کے خاتمے کے لیے کردار ادا کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ درخت زندگی کی علامت ہیں اور صاف ماحول صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے۔ جب ہر فرد اپنی ذمہ داری کو سمجھے گا اور ماحول دوست طرزِ زندگی اختیار کرے گا تو ایک سرسبز، خوشحال اور صحت مند پاکستان کا خواب حقیقت بن سکے گا۔

تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ننکانہ صاحب طاہر علی وار برٹن میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ صحت و بہبود آبادی کے تحت وار برٹن میں تقریب

صحت، تعلیم اور معاشی ترقی پر بڑھتی آبادی کے منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں

آبادی میں تیزی سے اضافے کے اثرات کے حوالے سے مقررین کا اظہار خیال

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) محکمہ صحت وآبادی کی جانب سے آبادی میں تیزی سے اضافے کے اثرات اور اس پر قابو پانے کے حوالے سے ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس میٹنگ کا اہتمام مسٹر طاہر علی، تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ننکانہ صاحب کی زیر نگرانی کیا گیا یہ میٹنگ MC سکول وار برٹن، ضلع ننکانہ صاحب میں منعقد ہوئی جس میں اساتذہ، نوجوانوں، علمائے کرام، سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی میٹنگ کا بنیادی مقصد بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنجز پر روشنی ڈالنا اور اس پر قابو پانے کے لیے اجتماعی آگاہی پیدا کرنا تھا۔ شرکاء نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آبادی میں تیزی سے اضافہ صحت، تعلیم اور معاشی ترقی پر منفی اثرات مرتب کر رہا ہے، جس کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

خادم حسین کا قیمتی پتھروں ماربل، گرینائٹ کی صنعت کی اپ گریڈیشن، ویلیو ایڈیشن کیلئے ریلیف پیکیج کا مطالبہ

لاہور (کامرس رپورٹر) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے بجٹ میں قیمتی پتھروں، ماربل، گرینائٹ کی صنعت کی اپ گریڈیشن اور برآمدات کے تناظر میں ویلیو ایڈیشن کیلئے خصوصی ریلیف پیکج دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان قیمتی اور نیم قیمتی پتھروں کے وسیع ذخائر سے مالا مال ملک ہے تاہم مناسب حکومتی سرپرستی نہ ہونے کے باعث یہ شعبہ اپنی حقیقی صلاحیت کے مطابق ترقی نہیں کر سکا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زمرد، یاقوت، ٹوپاز، ایکوامیرین، پیریڈوٹ اور دیگر قیمتی پتھر بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں جبکہ گلگت بلتستان، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ بجٹ میں مشینری کی درآمد پر ڈیوٹی میں کمی، توانائی لاگت میں ریلیف، جدید کٹنگ و پالش مراکز کے قیام اور برآمد کنندگان کے لیے مراعات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت خام پتھر برآمد کرنے پر مجبور ہے جس کے باعث قیمتی زرمبادلہ سے محرومی کا سامنا ہے۔

سیالکوٹ میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری

متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار'43 عارضی تجاوزات ختم' 10 ترپالیں ضبط

قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر 30 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی ہدایت پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر وٹو کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے دوران مستقل اور عارضی تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی عمل میں لائی گئی۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر وٹو نے بتایا کہ کارروائی کے دوران 3 مستقل تجاوزات مسمار کی گئیں جبکہ 43 عارضی تجاوزات ختم کر دی گئیں۔ اس کے علاوہ 10 ترپالیں ضبط کی گئیں اور قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر 30 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کی انفورسمنٹ ٹیمیں شہر بھر میں روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں اور عوامی راستوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر کسی قسم کا ناجائز قبضہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تجاوزات شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ اور ٹریفک مسائل کا باعث بنتی ہیں، اس لیے ان کے خاتمے کے لیے بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ چیف آفیسر زبیر وٹو نے واضح کیا کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات کے مطابق تمام انفورسمنٹ افسران کو روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں موجود رہ کر تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ شہر کو تجاوزات سے پاک رکھا جا سکے۔ انہوں نے دکانداروں اور تاجروں سے اپیل کی کہ وہ اپنی مقررہ

بقیہ نمبر 1

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا۔ جوائنٹ ایڈیٹر محبوب اے خان / ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی / ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک / سینئر ایڈیٹر ایم نعیم اکرم / ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق